پریس ریلیز

صدر شیخ غلام حسین جج کا چارج سنبھالتے ہی تاجر برادری کو بڑا تحفہ؛ ممبران کو بینکوں کے چکروں اور طویل قطاروں سے نجات

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ممبران کی سہولت کے لیے میزان بینک کے خصوصی بوتھ کا باضابطہ قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کے ذریعے ممبران چیمبر کی مختلف فیسیں اور دیگر متعلقہ بینکنگ معاملات ایک ہی چھت تلے انجام دے سکیں گے اور انہیں بینکوں کے چکر لگانے و طویل قطاروں میں انتظار کی زحمت نہیں اٹھانا پڑے گی۔

میزان بینک بوتھ کا باقاعدہ افتتاح صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کیا۔ اس پروقار تقریب میں سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈی اے و سینئر ممبر امیر رحمان، سابق نائب صدر و موجودہ ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل سمیت ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔ تقریب میں میزان بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر (ریٹیل بینکنگ) ضیاء الحسن، گروپ ہیڈ ڈسٹری بیوشن (سنٹرل-I) انور الحق اور دیگر اعلیٰ افسران بھی خصوصی طور پر موجود تھے۔

افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کہا کہ ممبران کو فیسوں کی ادائیگی کے لیے چیمبر سے باہر جا کر بینکوں میں قطاروں کا سامنا کرنا پڑتا تھا، لیکن اس بوتھ کے قیام سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور ممبران کو چیمبر کے اندر ہی پرسکون ماحول میں سہولت ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئی قیادت نے عہدہ سنبھالتے ہی ممبران کی مشکلات کم کرنے اور ون ونڈو آپریشن کو مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں؛ انتخابی منشور میں ممبران کو عزت اور سہولت فراہم کرنے کا جو وعدہ کیا گیا تھا اس پر عمل درآمد کا آغاز اس بوتھ کے قیام سے کر دیا گیا ہے اور مستقبل میں بھی اراکین کے لیے مزید سہولیات متعارف کرائی جائیں گی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میزان بینک کے چیف آپریٹنگ آفیسر (ریٹیل بینکنگ) ضیاء الحسن نے یقین دہانی کروائی کہ بینک چیمبر کے ممبران کو اس بوتھ کے ذریعے ہر ممکن اور ترجیحی سہولت فراہم کرے گا تاکہ ان کا قیمتی وقت بچ سکے اور خدمات تک رسائی آسان ہو۔

PRESS RELEASE

Major Facilitation for Business Community as President Sheikh Ghulam Hussain Judge Assumes Office: Members Relieved from Bank Visits and Long Queues

GUJRANWALA: In a major initiative aimed at enhancing member facilitation, a dedicated Meezan Bank collection and banking booth has been officially inaugurated at the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI). The facility enables members to deposit Chamber fees and process related banking transactions under one roof, eliminating the need to visit external bank branches and endure lengthy queues.

The banking booth was formally inaugurated by the President of GCCI, **Sheikh Ghulam Hussain Judge**. The ceremony was attended by Senior Vice President **Muhammad Arshad Mughal**, Vice President **Rana Muhammad Farhan Asghar**, former President **Mian Umar Saleem**, former Chairman GDA & Senior Member **Amir Rehman**, former Vice President & current Executive Member **Waqas Afzal Mughal**, alongside other executive members. Senior executives representing Meezan Bank, including Chief Operating Officer (Retail Banking) **Zia-ul-Hassan** and Group Head Distribution (Central-I) **Anwar-ul-Haq**, were also present on the occasion.

Speaking at the inaugural ceremony, President **Sheikh Ghulam Hussain Judge** remarked that members previously faced inconvenience by having to visit external commercial banks and wait in queues for fee submissions. The establishment of this on-site booth provides a permanent solution, offering seamless banking services in a professional and comfortable environment within the Chamber premises. He emphasized that the newly elected administration has proactively commenced practical initiatives to implement an effective one-window operation and ease procedures for traders. Delivering on their manifesto pledge of ensuring respect and convenience for members, he assured that further facilitative services will be launched in the near future.

Addressing the ceremony, Meezan Bank's Chief Operating Officer (Retail Banking) **Zia-ul-Hassan** assured that the bank is committed to extending priority service and comprehensive banking support to GCCI members through this dedicated booth, ensuring efficiency and saving valuable time for the trading fraternity.